ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

# پریس ریلیز

کراچی 14 اگست 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دی۔انہوں نے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی فاتحہ خوانی کی اور سلامی پیش کی۔اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی آپریشن، ایڈیشنل آئی جی کراچی، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی اور ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ سمیت زونل ڈی آئی جیز کراچی ودیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔آئی جی سندھ نے مزار قائد پر آنیوالے شہدائے پولیس سندھ کے ورثاء اور غازی پولیس افسران سے بھی بات چیت کی اور انہیں جشن آزادی پاکستان اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے خصوصی دن پر مبارکباد بھی دی۔

آئی جی سندھ نے اپنی اور سندھ پولیس کیجانب سے شہریوں کو یوم آزادی کی مبارکباد کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں ہمارے عظیم لیڈرز کے جوش، ولولہ اور بہادری کی یاد دلاتا ہے کہ کس طرح انہوں نے اپنے خوابوں کو حقیقت کا رنگ دیکر ایک آزاد اور خودمختار وطن کے قیام کو یقینی بنایا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے تمام لیڈران اور بالخصوص قائداعظم کے اصولوں کو ہمیشہ یاد رکھنا ہوگا۔آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے میڈیا ٹاک کے دوران کہا کہ آج کا عظیم دن ہمیں بہتر سال قبل کی گئی ہمارے لیڈرز کی محنت اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے کہ کس طرح چودہ اگست کو مسلمانانِ ہند کو آزاد ملک کی حیثیت سے آزادی نصیب ہوئی۔اللہ پاک کا شکر ہے کہ آج ہم ایک آزاد اور خودمختار قوم ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اپنے تمام لیڈرز اور بالخصوص قائداعظم کے اصولوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے۔آج پاکستان کا شمار دنیا چند بڑے ممالک میں کیا جاتا ہے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ قیام امن اور جرائم کیخلاف پولیس چوبیس گھنٹے مصروف عمل ہے۔تھانہ پیرآباد کی حدود میں پیش آنیوالے واقعے پر انکوائری ہورہی ہے اور تمام تر امور میں شفافیت اور غیر جانبداری کو اہمیت دی جارہی ہے۔گذشتہ روز کلفٹن میں ڈاکو کی گرفتاری میں مدد دینے والے بہادر شہری کو انعام دیا جائیگا۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت سندھ نے جو قانون بنایا اس پر کام کررہے ہیں۔آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ طویل عرصہ کے بعد کراچی میں شدید بارشیں ہوئیں جسکے نتیجے میں شہریوں کا جانی اور مالی نقصان ہوا۔ان کا کہنا تھا کہ رپورٹ ہونیوالے والے واقعات پر افسران تفتیش کررہے ہیں ذمہ دار اور قصوروار ٹھرائے جانیوالوں کیخلاف کاروائی ہوگی۔

میڈیا کے استفسار پر انہوں نے بتایا کہ قائدآباد دھماکے اور مفتی تقی عثمانی کیس میں پیش رفت ہوئی ہے اور پولیس کام کررہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پولیس شہریوں کی شکایات پر ناصرف کام کررہی ہے بلکہ انکی دادرسی جیسے اقدامات کو بھی مربوط اور موثر بنارہی ہے۔آئی جی سندھ نے کہا کہ اس شہر میں دہشگردی کے واقعات نہیں ہوئے جبکہ قتل کے واقعات میں بھی نمایاں کمی آئی ہے۔علاوہ ازیں موبائل فونز چھیننے اور چوری کی وارداتوں میں بھی کمی آئی ہے اور پولیس اس حوالے سے مجموعی اقدامات میں مزید بہتری بھی لائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ کمیونٹی ساتھ دے اور رہنمائی کرے سندھ پولیس پوری کوشش کرے گی اور اپنا کام پوری ایمانداری اور دیانتداری سے انجام دیگی۔

انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ آج کے دن کو اچھے سے منائیں اور اسے یادگار بنائیں اور انہوں نے کہا کہ شہر میں جو قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں اس سے اچھا پیغام نہیں جاتا۔روز کی طرح آج بھی پولیس قانون پر عمل درآمد کیلئے کام کرے گی، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔بعدازاں انہوں نے شہر کے مختلف علاقوں کا بھی دورہ کیا اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔